## سوال

(377) عورت کا میت کو قبر میں اتارنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عورت کی میت کو قبر میں اتارتے وقت اس کی قبر کو ڈھانپنے کا حکم ہے، اور اسے کب تک ڈھانپے رکھنا چاہیئے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعض اہل علم نے لکھا ہے کہ عورت کی میت کو قبر میں اتارتے وقت اس کی قبر کو ڈھانپ لیا جائے، تاکہ عورت کی جسامت وغیرہ ظاہر نہ ہو، مگر یہ واجب نہیں ہے۔ اور اگر کوئی ڈھانپے تو یہ اس پر اینٹیں برابر کیے جانے تک ہونا چاہیئے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

### صفحہ نمبر 319

### محدث فتویٰ